الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **Muhammad Asad**
Address :> **Karachi,Pakistan**
Subject :> **AQAID**
Writer :> عبدالرزاق

Serial No :> **8789**
Fatwa No :>
Date :> **6/29/2010**
Email :>

Assalam o alaikum,
mera suwal ye he k Allah k siwa kisi aur se madad mangna shirk kiyun he, jab k hum roz-marh zindagi main logon se madad mangte hain, logon se madad mangna to us waqt shirk ho ga jab us shaks ko Allah samajh kar madad mangi jae, aur ye hargiz nahi ho sakta. barae meharbani rahnumai farmain

میرا سوال یہ ہے کہ اللہ کے سواء کسی اور سے مدد مانگنا شرک کیوں ہے؟ جبکہ ہم روزمرہ زندگی میں لوگوں سے مدد مانگتے ہیں لوگوں سے مدد مانگنا تو اس وقت شرک ہوگا جب اس شخص کو اللہ سمجھ کر مدد مانگی جائے اور یہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ برائے مہربانی رہنمائی فرمائے۔

الجواب ــــــــ حامداً ومصلیاً

کسی زندہ یا مردہ انسان کو مالک، قادر، نافع اور ضار سمجھ کر اس سے مافوق الاسباب مدد مانگنا بلاشبہ ناجائز حرام اور شرک ہے کیونکہ یہ شخص اپنے جیسے انسان کو خدائی صفات میں شریک کر رہا ہے۔ جبکہ روزمرہ کی زندگی میں جو باہمی تعاون ہوتا ہے وہ اس طرح نہیں ہوتا کہ مدد چاہنے والا شخص دوسرے کو مالک وقادر، نافع اور ضار بھی سمجھتا ہو اور اس قسم کا امداد باہمی اسباب کے تحت ہوتا ہے۔

کما فی تفسیر روح المعانی: الثانی ان الناس قد اکثروا من دعاء غیر اللہ من الأولیاء الاحیاء منھم والاموات وغیرھم مثل یاسیدی أغثنی ولیس ذلک من التوسل المباح فی شئ واللائق بحال المؤمن عدم التفوہ بذالک وأن یحوم حول حماہ وقد عدہ أناس من العلماء شرکا (إلی قولہ) ولا أری أحدا من یقول ذلک إلا وھو یعتقد أن المدعو الحی الغائب أو المیت المغیب یعلم الغیب او یسمع النداء او یقدر بالذات او بالغیر علی جلب الخیر ودفع الأذی وإلا لما دعاہ ولا فتح فاہ وفی ذلکم بلاء من ربکم عظیم فالحزم التجنب عن ذالک وعدم الطلب إلا من اللہ تعالیٰ القوی الغنی الفعال لما یرید الخ (ج ۶ ص ۱۲۸)۔ واللہ اعلم بالصواب

عبدالرزاق عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ سائٹ کراچی نمبر ۱۶
۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۹ رجب ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۹ رجب ۱۴۳۲ھ

دار الافتاء
۸۷۸۹
۱۴۳۲/۸/۱

نائب رئیس

رئیس

4/7/11